
# ۳۔ اَنمول باتیں





ننھّے ! جھوٹ ہے ایسا ڈھول
کُھل جاتا ہے جس کا پول
میٹھے بول میں جادو ہے
کڑوے بول نہ ہرگز بول
کہنا چاہے جو بھی بات
پہلے خوب تو اس کو تول
غیبت اچھّی بات نہیں
دیکھ کسی کا بھید نہ کھول
بات بڑوں کی فوراً مان
کبھی نہ کر تو ٹال مٹول
کوئی نہ مانے تیری بات
گر بولے تو اونچے بول
رکھنا یاد ہمیشہ تو
باتیں ہیں یہ سب انمول

(ماخوذ)

## مشقی سرگرمیاں

❁ دیکھو، پڑھو، لکھو۔

| | |
|---|---|
| انمول (اَن-مو-ل) ...................... | پول (پو-ل) ...................... |
| ہرگز (ہَر - گِز) ...................... | تول (تو-ل) ...................... |
| غیبت (غی-بَت) ...................... | بھید (بھے - د) ...................... |



❁ نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھو۔

۱) شاعر نے جھوٹ کو کیا کہا ہے؟
۲) میٹھے بول میں کیا ہے؟
۳) بات کرنے سے پہلے کیا کرنا چاہیے؟
۴) کس کی باتوں پر ٹال مٹول نہیں کرنا چاہیے؟
۵) اونچے بول بولنے سے کیا ہوتا ہے؟

❁ نظم کی مدد سے مصرعے جوڑو۔

| | |
|---|---|
| ننّھے ! جھوٹ ہے ایسا ڈھول | گر بولے تو، اُونچے بول |
| میٹھے بول میں جادُو ہے | پہلے خوب تو اس کو تول |
| کہنا چاہے جو بھی بات | کُھل جاتا ہے جس کا پول |
| کوئی نہ مانے تیری بات | باتیں ہیں یہ سب انمول |
| رکھنا یاد ہمیشہ تو | کڑوے بول نہ ہرگز بول |

❁ شعر پورا کرو۔

۱) غیبت ............................ دیکھ کسی کا ............................
۲) بات بڑوں کی ............................ کبھی نہ کرتو ............................


❁ نیچے دیے ہوئے جملوں کی مدد سے نظم کے مصرعے پہچانو اور لکھو۔

۱) جس کا پول کُھل جاتا ہے ..............
۲) جو بھی بات کہنا چاہے ..............
۳) بڑوں کی بات فوراً مان ..............
۴) تیری بات کوئی نہ مانے ..............
۵) ہمیشہ تو یاد رکھنا ....................

❁ نظم سے ایک جیسی آواز والے لفظ تلاش کر کے لکھو۔

❁ نیچے دیے ہوئے صحیح لفظوں سے خالی جگہ بھرو۔

(میٹھے ، اونچے ، بات ، غیبت ، کڑوے)




❁ صحیح جوڑیاں لگاؤ۔

| | |
|---|---|
| انمول | اچھّی بات نہیں ہے |
| جادو | ہرگز نہ بولو |
| کڑوے بول | باتیں ہیں یہ سب |
| غیبت | میٹھے بول میں ہے |

❁ نیچے دیے ہوئے لفظوں کے اُلٹ لفظ چوکون میں لکھو۔

جیسے : دن × رات

۱) سچ × ______ ۲) میٹھے × ______

۳) بری × ______ ۴) چھوٹوں × ______

❁ نظم سے پانچ ایسے لفظ تلاش کر کے لکھو جن میں حرف 'ب' آیا ہے۔

❁ نیچے دیے ہوئے جملوں کو اچھے کام اور بُرے کام کے خانوں میں لکھو۔

اونچے بول بولنا ، مبارکباد دینا ، بڑوں کی بات ماننا ، کسی کی برائی کرنا ، جھوٹ بولنا ، لڑائی کرنا ، سلام کرنا ، کسی کی مدد کرنا۔

| اچھّے کام | بُرے کام |
|---|---|
| ........................................ | ........................................ |
| ........................................ | ........................................ |
| ........................................ | ........................................ |
| ........................................ | ........................................ |

❁ ذائقے کو چیزوں کی تصویروں سے جوڑو۔

| چیزیں | ذائقہ |
|---|---|
|  | میٹھا |
|  | کھٹّا |
|  | کڑوا |
|  | تیکھا |
|  | نمکین |
|  | پھیکا |

❁ نظم سے وہ لفظ تلاش کر کے لکھو جس میں الف کی آواز 'نون' کی طرح ہے۔

❁ نیچے دی ہوئی بات کے لیے نظم سے ایک لفظ تلاش کر کے لکھو۔

ترازو میں کسی چیز کا وزن کرنا

❁ نیچے لکھے ہوئے جواب کے لیے سوال بناؤ جیسے: میٹھے بول میں جادو ہے۔ کس میں جادو ہے؟ میٹھے بول میں کیا ہے؟

۱) حامد کو سیب پسند ہے۔ (کس/کیا)

۲) تاج محل آگرہ میں ہے۔ (کہاں/کیا)

۳) استاد پڑھا رہے ہیں۔ (کون/کیا)

۴) لڑکیاں کھیل رہی ہیں۔ (کون/کیا)

❁ اس نظم میں کئی لفظ ایسے ہیں جن میں دو چشمی ھ کا استعمال ہوا ہے۔
جیسے جھوٹ، ڈھول، بھی۔ ایسے لفظ تلاش کر کے اپنی بیاض میں لکھو۔

❁ اس نظم میں کتنے شعر ہیں؟

H8C54C